# Dadabhoy Institute
## Of Higher Education

DIHE

# اظہارِ مسرت

مجھے وہ وقت اچھی طرح یاد ہے کہ جب کلیہ معارف اسلامیہ کے موجودہ ڈین پروفیسر ڈاکٹر عبدالرشید نے اپنے کلیہ کی توسیع کی غرض سے دو نئے شعبہ جات القرآن والسنۃ اور شعبہ اصول الدین کے قیام کی غرض سے سینڈیکیٹ میں تجویز پیش کی اور سابق شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر ظفر حسنین زیدی مرحوم اور دیگر ممبران سینڈیکیٹ نے اس کی بھرپور تائید کی اور اس کے لئے ایک سہ رکنی کمیٹی بھی تشکیل دی جس میں مفتی محمد رفیع عثمانی (ممبر سینڈیکیٹ) پروفیسر ڈاکٹر عبدالرشید (ممبر سینڈیکیٹ و رئیس کلیہ) اور راقم الحروف بحیثیت ممبر سینڈیکیٹ شامل تھے کمیٹی نے بھرپور محنت کے بعد اپنی رپورٹ سینڈیکیٹ میں پیش کی جس کے نتیجے میں الحمدللہ یہ دونوں شعبے ۱۵ر نومبر ۱۹۹۹ء کو معرضِ وجود میں آ گئے۔ اور مجھے یہ جان کر بڑی مسرت ہوئی کہ اس میں سے ایک شعبہ القرآن والسنۃ اپنا تحقیقی مجلّہ ''احیاء العلوم'' کا اجراء کر رہا ہے۔

میں اس اہم علمی و تحقیقی کاوش پر ملک کے معروف صاحب علم پروفیسر ڈاکٹر ظفر سعید سیفی، شیخ الجامعہ کراچی، پروفیسر ڈاکٹر عبدالرشید، رئیس کلیہ معارف اسلامیہ، پروفیسر ڈاکٹر فضل احمد چیئر مین شعبہ القرآن والسنۃ اور ان کے رفقاءِ کار کو مبارک باد دیتا ہوں اور آئندہ کی کامیابیوں کے لئے دعاگو ہوں۔

(پروفیسر حسنین کاظمی)

ریکٹر، دادابھائی انسٹیٹیوٹ آف ہائر ایجوکیشن، کراچی

سابق ممبر سینڈیکیٹ، جامعہ کراچی

SNPA-17/B, Block 3, K.C.H.S. Union Ltd. Behind Hill Park General Hospital, Off Shaheed-e-Millat Road, Karachi.
UAN: 111-02-03-04, Fax: 4389147 URL: www.dadabhoy.edu.pk